# الھدٰی نیوز لیٹر

جون تا ستمبر 2023، ذوالحجہ 1444ھ تا ربیع الاول 1445ھ | شمارہ 23


قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیرخواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد و ثنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَّامِ الْغُیُوْبِ مُقَلِّبِ الْقُلُوبِ، کَاشِفِ النَّوَازِلِ وَالْکُرُوْبِ، أَحْمَدُ رَبِّي وَأَشْکُرُہُ عَلَی نِعَمِہِ کُلِّھَا، الْمُتَقَدِّمَۃِ وَالْمُتَأَخِّرَۃِ

ہر قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے جو غیبوں کو خوب جاننے والا، دلوں کو الٹ پلٹ کرنے والا، مصیبتوں اور تکالیف کو دور کرنے والا ہے، میں اپنے رب کی حمد کرتی ہوں اور اس کی تمام سابقہ نعمتوں پر اور بعد میں آنے والی نعمتوں پر اس کا شکر ادا کرتی ہوں۔




دنیا کی زندگی محض ایک فریب ہے جبکہ آخرت اس کے مقابلے میں ایک اٹل حقیقت ہے جس کا سامنا ہم میں سے ہر ایک کو کرنا ہے۔ ہر گزرتا لمحہ ہمیں ہمارے انجام سے قریب تر کرتا چلا جا رہا ہے اور ایک دن موت کی منزل سے گزر کر بالآخر ہم سب کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حضور حاضر ہونا ہے اور اپنے اعمال کی جزا یا سزا پانی ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

آخر کار ہر شخص کو مرنا ہے اور تم سب اپنے اپنے پورے اجر قیامت کے روز پانے والے ہو۔ کامیاب دراصل وہ ہے جو وہاں آتش دوزخ سے بچ جائے اور جنت میں داخل کر دیا جائے رہی یہ دنیا، تو یہ محض ایک ظاہر فریب چیز ہے[سورۃ آلِ عمران:185]

دراصل حقیقی زندگی آخرت ہی کی زندگی ہے۔ یہ دنیا محض امتحان کی جگہ ہے اور اس میں ہمیں ایسے کام کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے جو اخروی زندگی میں بہترین نتائج پیدا کر سکیں۔ ایسا تبھی ہو سکتا ہے جب ہم آخرت کی تیاری اور فکر کو اپنا ھم اور غم بنا لیں گے۔ پیغمبروں کی بہت بڑی خاصیت بھی دارِ آخرت کی یاد تھی، لہذا ہمیں بھی چاہیے کہ لذتوں کو توڑ دینے والی چیز یعنی موت کا تذکرہ کثرت سے کریں، آخرت میں فائدہ دینے والے اعمال یعنی فرائض، نوافل، ذکر، استغفار، رجوع الی اللہ اور دیگر نیک کاموں پر استقامت اختیار کریں اور اس دنیا کے لہو ولعب، پریشانیوں اور غموں میں کھو کر اپنی قبر اور آخری منزل کو نہ بھول جائیں۔

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

"جو اپنی فکر آخرت کو بنا لیتا ہے اللہ اس کے تمام امور کو جمع کر دیتا ہے اور اس کے دل کو بے نیاز کر دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر لوٹتی ہے اور جس کی نیت صرف دنیا حاصل کرنے کی ہو اللہ اس کی تنگیوں کو اس پر کھول دیتا ہے یعنی اس کے لیے تنگیاں اور مشکلات کھل جاتی ہیں اور اس کا فقر اس کی آنکھوں کے سامنے لے آتا ہے اور اس دنیا میں سے اس کو صرف اتنا ہی ملتا ہے جتنا اس کے لیے لکھا جا چکا ہے"۔[سنن ابن ماجہ:4105]

یعنی وہ دنیا کے پیچھے بھاگ بھاگ کر تھک جاتا ہے لیکن اپنی قسمت کے لکھے ہوئے سے زیادہ حاصل نہیں کر سکتا۔

یاد رکھیے ایک مومن اپنی زندگی بے فکری اور غفلت میں نہیں بلکہ ڈرتے ہوئے گزارتا ہے، وہ کبھی بھی عیش وعشرت میں ایسے نہیں کھو جاتا کہ اپنی حقیقی منزل آخرت کو بھول جائے۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین! السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الھدی میں گزشتہ چار ماہ کی خصوصی خبروں کے ساتھ ستمبر کا شمارہ پیشِ نظر ہے۔الھدیٰ لوگوں کی فلاح وبہبود کے لیے اپنی کارکردگی کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید بہتر بنانے میں مسلسل کوشاں ہے۔استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اپنے گزشتہ علمی سفر کے دوران جس شہر میں بھی تشریف لے گئیں، وہاں تعلیمی سیشنز کے علاوہ الھدیٰ اسٹاف کے کام کو دیکھا،حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ راہ نمائی بھی کی۔تعلیمی وتنظیمی امور بہتر بنانے کے لیے استاذہ محترمہ نے ریجنز کے ساتھ براہ راست آن لائن ہفتہ وار اجتماعی ٹریننگز کا سلسلہ شروع کیا ہے۔اس ذہنی اشتراک اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ ہوگا، ہر کام میں استاذہ کی راہ نمائی ملے گی اور الھدیٰ کے مشن کو فروغ دینے میں آسانی اور مزید بہتری آئے گی۔

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ گزشتہ چند ماہ میں الھدیٰ نے بہت سے نئے پروگرامز کا آغاز کیا ہے ۔کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف ٹریننگز کا انعقاد کیا گیا،موضوعات کے لحاظ سے الھدیٰ کے اپنے سینئر اسٹاف کے علاوہ بہت سے ماہرین کو مدعو کیا گیا۔ان میں لیڈرشپ ٹریننگ،انٹرنل آڈٹ اینڈ گڈ گورنینس ٹریننگ سیشن خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔اس کے علاوہ مئی 2023 سے خواتین کے لئے"حسن صحت" کے نام سے جس ہفتہ وار کورس کا آغاز کیا گیا تھا وہ بھی کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔اس میں ماہر ڈاکٹر قرآن وسنت کی روشنی میں ذہنی،جسمانی اور روحانی صحت کی حفاظت کے بارے میں آگہی دیتے ہیں۔لوگوں کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ستمبر 2023 سے خصوصی بچوں کے لیے" سکینہ" نام سے ہفتہ وار کلاسز شروع کی گئی ہیں۔فلاح وبہبود کے کام حسب معمول جاری ہیں۔ہم ہمہ وقت آپ کے تعاون کے شکرگزار ہیں۔

طاہرہ خان

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## تکمیل قرآن تقریبات

### الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد



25 اگست 2023 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں قرآن وحدیث کورسز کی تکمیل پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔مکمل ہونے والے کورسز میں تعلیم القرآن ،تعلیم الحدیث، تدبر القرآن،تعلیم التجوید،تحفیظ القرآن اور فقہ الاسماء اللہ الحسنیٰ شامل تھے۔تقریب کا عنوان" ھدی للناس" تھا۔تعلیم القرآن اور تعلیم الحدیث کورس کی طالبات نے اپنے تاثرات کے ذریعے بتایا کہ کس طرح قرآن وحدیث کی تعلیم کا یہ سفر ان کے لیے ہدایت کا باعث بنا۔تعلیم القرآن انگلش کورس کی طالبہ ڈاکٹر ماریہ نے بتایا کے کس طرح انہوں نے اپنے چھ بچوں کے ساتھ اس کورس کو بحسن وخوبی مکمل کیا۔اس موقع پر محترمہ رفقہ اصغر صاحبہ نے طالبات کو اہم نصیحتیں کیں اور محترمہ زبیدہ عزیز صاحبہ نے اظہار تشکر کے کلمات ادا کیے۔آخر میں استاذہ محترمہ کا نہایت ایمان افروز پیغام طالبات کو سنوایا گیا۔

### الھدیٰ انسٹیٹیوٹ نارتھ ناظم آباد کراچی

26 اگست 2023 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ نارتھ ناظم آباد میں پانچ کورسز کی تکمیل ہوئی۔تقریب کا عنوان" الطریق الی الجنۃ" تھا۔ان میں تدبر القرآن کی بینائی سے محروم دو طالبات بھی شامل تھیں۔خواتین کلب انسٹیٹیوٹ میں 13 اگست کو 59 طالبات نے تحفیظ القرآن کے پہلے پیچ میں کورس مکمل کیا۔

## کاروانِ علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی 4 مئی 2023 کو کینیڈا تشریف لے گئیں جہاں سے وہ مندرجہ ذیل علمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ان تمام لیکچرز کو براہِ راست آن لائن سنا جا سکتا ہے:

- فقہ القلوب: فقہ القلوب کے باب میں آجکل "فقہ القرآن الکریم" پڑھایا جا رہا ہے۔
- تدبر القران کورس میں الحمدللہ دس جز (تیس تا اکیس) مکمل ہو گئے ہیں۔
- صحیح البخاری کے دروس میں" کتاب التمنی" (آرزوؤں اور تمناؤں کا بیان) کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔
- تفسیر القرآن میں" سورۃ التوبہ" پڑھائی جا رہی ہے۔

۹ مئی سے" علوم القران" اور ۱۹ مئی سے "اخلاق حملۃ القران" کی کلاسز شروع کی گئی ہیں۔

اس کے علاوہ مختلف مقامات پر دروس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔




لنکس برائے استفادہ:

www.farhathashmi.com
www.facebook.com/DrFarhatHashmi/
www.youtube.com/@drfarhatofficial/
www.farhathashmi.com/alhudalive

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## ریجنز ٹریننگ پروگرام

ریجنز ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد کے تحت مختلف علاقوں کی برانچز کے اسٹاف کی ٹریننگ کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد الھدیٰ کے اصول و ضوابط کے تحت دین کا کام احسن طریقے سے کرنے کی عملی ٹریننگ دینا ہے اس پروگرام کے تحت اکیڈمک، ایڈمن اور دیگر شعبہ جات میں الھدیٰ کے مشن کے مطابق معیاری کام کی ٹریننگ دی جا رہی ہے۔ اس کا سلسلہ دسمبر 2023 تک جاری رہے گا تا کہ سب برانچز مستفید ہو سکیں۔



## انٹرنل آڈٹ کمیٹی کا قیام

5 ستمبر 2023 کو الھدیٰ میں انٹرنل آڈٹ کمیٹی کا قیام عمل میں آیا، امجد جاوید شیخ صاحب اس کمیٹی کے چیئرمین کے فرائض انجام دیں گے۔ تعارفی میٹنگ میں الھدیٰ کے سینئر اسٹاف نے شرکت کی، پریزنٹیشن کے ذریعے تفصیل سے اس کے اغراض و مقاصد کو بیان کیا گیا۔ اس کا مقصد الھدیٰ کو Excellence Level پر لانا اور گڈ گورنینس کے لیے مشترکہ بنیادوں پر کام کر کے انٹرنل آڈٹ کے اصولوں کو نافذ کرنا ہے۔ اس سے الھدیٰ کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔

## لیڈرشپ تربیتی سیشن



الھدیٰ انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن فار ویمن کی جانب سے 28 اگست تا 30 اگست تین روزہ لیڈرشپ تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف موضوعات کے حوالے سے ماہرین کو مدعو کیا گیا۔

تربیتی سیشن کا موضوع "استقامت" تھا جو اس قرآنی آیت پر مبنی تھا:

فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا

انسٹیٹیوٹ کے عملے کے ساتھ ساتھ دیگر تمام انتظامی عملے کو بھی ان سیشنز سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔ اس انٹرایکٹیو ورکشاپ سے کام کو منظم طریقے سے کرنے کے بہت مفید طریقے بتائے گئے۔

## سینٹر فار فلانتھراپی (پی سی پی) کا الھدیٰ اسلام آباد کا دورہ

سینٹر فار فلانتھراپی (پی سی پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر)، حکومت پاکستان کی جانب سے نامزد سرٹیفکیشن ایجنسی ہے۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 2(36) کے مطابق پاکستان میں کام کرنے والی تنظیموں کو کمشنر ان لینڈ ریونیو سے منظوری لینا ضروری ہے۔ انکم ٹیکس رولز 2002ء کے طریقہ کار کے تحت پی سی پی ایف بی آر کی جانب سے این پی اوز کی کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے اور اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ این جی اوز سرٹیفکیشن اسٹینڈرڈز کی مطلوبہ ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ پی سی پی حکام نے 6 اور 7 ستمبر 2023 کو جانچ پڑتال کے لیے الھدیٰ کا دورہ کیا۔ الھدیٰ انٹرنیشنل کو انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 2(36) کے تحت ٹیکس استثنیٰ حاصل کرنا ضروری ہے اور اس مقصد کے لیے پی سی پی سرٹیفکیشن لازمی ہے۔ ماضی میں پی سی پی ٹیموں کی جانب سے بہت مثبت فیڈ بیک ملا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد سے اس سال بھی بہتر فیڈ بیک آئے گا۔ ان شاءاللہ۔

## الھدیٰ کراچی کی طالبات کا سائنس سینٹر کا دورہ

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ ڈی ایچ اے کراچی کی تعلیم الحدیث کی طالبات کو ایجوکیشنل ٹرپ کے تحت MagnifiScience Centre لے جایا گیا۔ اس کا مقصد اسلام میں تفریح کے تصور کو واضح کرنا، قرآن کی حقانیت اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی واحدانیت پر اپنے ایمان کو مزید تقویت دینا، اللہ تعالیٰ کی کائنات میں غور وفکر کرنا تھا۔ سینٹر میں طالبات کو فزیکل ایکٹیویٹیز کے ساتھ ساتھ ذہنی ورزش کا بھی بھرپور موقع ملا۔ زمین، زلزلے، آسمان، سیارے، بارش، واٹر سائیکل، بوٹینیکل گارڈن اور انسانی جسم کے مختلف اعضاء کے function کو ان کے ڈسپلے ماڈلز کے ذریعے سے جاننے اور ان پر غور وفکر کرنے کا موقع ملا جس سے علم اور ایمان میں اضافہ ہوا۔ یہ ٹرپ طالبات کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی تخلیقات میں غور وفکر کرنے سے اللہ تعالیٰ کی محبت میں مزید اضافہ ہوا۔

## ڈینگی بخار اور آشوبِ چشم کے بارے میں آگہی سیشن

ملک بھر میں ڈینگی اور آشوبِ چشم کے مریضوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کے بارے میں آگہی دینے اور درست خطوط پر راہ نمائی کے لیے الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں 26 ستمبر 2023 کو ایک سیشن کا اہتمام کیا گیا۔ ڈاکٹر فردوس روحی نے پریزنٹیشن کے ذریعے ان بیماریوں کی وجوہات، علامات اور بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اور علاج کے بارے میں راہ نمائی دی۔ اس کے علاوہ موسم سرما میں ہونے والی عمومی بیماریوں کے بارے میں بھی احتیاطی تدابیر اور قدرتی نسخہ جات کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔

## الھدیٰ کے مشن کی کامیابی کے لئے کاوشیں

الھدیٰ کے مشن کو کامیاب بنانے کے لئے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی راہ نمائی میں ہر ریجن میں کوششیں جاری ہیں۔ لاہور، کراچی، ملتان، خیبر پختون خواہ اور نارتھ ریجن کی ٹیموں نے بہت سے نئے علاقوں میں الھدیٰ کی کلاسز کا آغاز کیا ہے۔ خیبر پختون خواہ ریجن نے اس سلسلے میں صوبے کا ڈیٹا جمع کر کے علاقہ اور سیکٹر وائز میپنگ کی اور جن علاقوں میں الھدیٰ کی کوئی کلاس نہیں تھی، وہاں الھدیٰ کو متعارف کروایا اور قرآن کلاسز کا باقاعدہ آغاز کیا۔ دیہی علاقوں میں نئی پشتو کلاسز کا اجراء کیا گیا۔ علاقائی زبانوں کے ذریعے لوگوں میں قرآن کی تعلیم کو عام کرنے کے لئے مختلف کالجز اور یونیورسٹیز کا وزٹ کیا گیا اور طلبہ کو قرآن سے جوڑنے کی حکمت عملی تیار کی گئی۔ جیلوں میں موجود قیدی خواتین کے لیے "آیئے قرآن سیکھئے" پروگرام متعارف کروایا جا رہا ہے۔ "سٹریٹ چائلڈ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے اور 35 بچوں کے لیے طہارت اور تربیہ کی کلاسز شروع کی گئی ہیں۔





## "سکینہ" (خصوصی بچوں کے لیے پروگرام)




خصوصی بچوں کے لیے "سکینہ" نام سے ہفتہ وار کلاسز کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام "ہمارے بچے" کے تحت 8 ستمبر 2023 سے AIS ایچ الیون کیمپس میں شروع کیا گیا ہے۔

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

# عشرہ ذی الحجہ کی سرگرمیاں




## حج تربیتی پروگرام

الھدیٰ کے تمام ریجنز میں حج ٹریننگ پروگرامز کا انعقاد کیا گیا جن میں حج پر جانے والی خواتین کے علاوہ طالبات نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی ۔لاہور، کراچی، پشاور اور دیگر شہروں میں الھدیٰ برانچز کے علاوہ حاجی کیمپ میں آنے والی خواتین کی حج سے متعلقہ امور میں احسن طریقے سے راہ نمائی کی گئی۔

اس کے علاوہ حج پراڈکٹس سٹال کے ذریعے حج سے متعلقہ الھدیٰ کی مطبوعات حاجیوں میں مفت تقسیم کی گئیں۔








# حیدر آباد ریجن کا آغاز

جولائی 2023 سے حیدر آباد ریجن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس کا ریجنل آفس کراچی اور سب ریجنل آفس حیدر آباد میں قائم کیا گیا ہے۔حیدر آباد ریجن میں 23 اضلاع شامل ہیں: حیدر آباد، میرپور خاص، بدین، تھرپارکر، شکارپور، ٹھٹہ، سانگھڑ، لاڑکانہ، سجاول، عمرکوٹ، خیرپور، دادو، نوشہرو فیروز، گھوٹکی، جیکب آباد، جامشورو، کشمور، مٹیاری، شہید بےنظیر آباد، قمبر شہدادکوٹ، سکھر، ٹنڈو اللہ یار، ٹنڈو محمد خان ۔اس وقت الھدیٰ کا کام 16 اضلاع میں چل رہا ہے۔

حیدر آباد میں ہاسٹل کی سہولت دور دراز رہنے والی طالبات کے لیے تعلیم اور تربیت کا بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔

اس کے علاوہ ریجن میں 8 قرآن سینٹرز اور 146 کلاسز مختلف علاقوں میں کام کر رہی ہیں جن میں تقریباً 2500 طلبا تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ بدین میں ایک سندھی میڈیم بنیادی تعلیم اسکول بھی کام کر رہا ہے۔

### حیدر آباد ریجن کے تحت شعبہ خدمت خلق کی سرگرمیاں

| | |
|---|---|
| طبی امداد | 4 مریض |
| امداد برائے شادی | 1 فرد |
| تعلیمی امداد | 16 طلبا اور طالبات |
| مالی امداد | 1 خاندان (7 افراد) نومسلم خاندان کو راشن، بچوں کی فیس ، کپڑے وغیرہ مہیا کیے گئے |
| غسل میت کی ٹریننگ : 3 | غسل میت کفن کی تعداد : 6 |
| 2 ویل چیئرز دی گئیں | ایمرجنسی ریلیف میں دوسرے فیز میں 9 گھروں کی تعمیر ہو رہی ہے۔ |













# خدمتِ خلق
Al-Huda Cares!

## سوشل ویلفیئر سروسز

| | | | |
|---|---|---|---|
| تعلیمی امداد 278 طلبا و طالبات | مالی امداد 520 خاندان | ماہانہ راشن 1830 پیکس | طبی امداد 139 افراد مستفید ہوئے |
| میڈکل کیمپس 1368 | امداد برائے روزگار 18 خاندان | میرج بیورو 192 رشتے طے ہوئے | امداد برائے شادی 29 افراد |
| غسل میت وکفن 124 میتیں | غسل میت ٹریننگ 280 افراد کو دی گئی | الہدیٰ دسترخوان 10652 سے افراد مستفید ہوئے | قرض حسنہ 9 مستحقین |

## سوشل ویلفیئر پروجیکٹس

| | | |
|---|---|---|
| فراہمی آب 36000 سے زائد افراد مستفید ہوئے | قربانی 72260 | شیلٹر برائے سیلاب زدگان 160 |

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

**A/C #** 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, Swift Code: MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd, E-11 branch Islamabad

**Donate Online:** https://www.alhudapk.com/donate.html


## سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ

الہدیٰ اسلام آباد میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ (SWM) اسکیم شروع کی گئی ہے تاکہ ٹھوس ویسٹ کو ری سائکلنگ کے ذریعے قابل استعمال بنایا جائے۔ ماحولیات کے تحفظ سے متعلق آگہی کے لیے الہدیٰ طالبات اور سٹاف کے لیے باقاعدہ سیشن کا بھی اہتمام کیا گیا۔



## عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی

الہدیٰ انٹرنیشنل کی جانب سے اس سال عید الاضحیٰ کے موقع پر 313 جانوروں کی قربانی کی گئی جن میں 163 گائے، 142 بکرے اور 8 اونٹ شامل تھے۔ مجموعی طور پر 12,710 خاندانوں (72,260 افراد) میں یہ گوشت تقسیم کیا گیا۔





## الہدیٰ دسترخوان کے ذریعے شروع ہونے والی کلاسز کی تفصیل

### لاہور ریجن



| | |
|---|---|
| شاہ جمال برانچ | بنیادی تجوید کورس |
| مصطفیٰ پارک | روشنی کا سفر |
| TNT سوسائٹی | روشنی کا سفر |
| Audit & Accounts سوسائٹی | روشنی کا سفر |
| باگڑیاں گاؤں | روشنی کا سفر |
| محافظ ٹاؤن | روشنی کا سفر |
| ناز ٹاؤن | روشنی کا سفر |
| ہرپال کے گاؤں | فہم القرآن |
| گارڈن ٹاؤن | فہم القرآن |
| اقبال ٹاؤن | روشنی کا سفر |
| 6 سلائی سینٹر | روشنی کا سفر |

### ملتان ریجن



| | |
|---|---|
| گلگشت | تعلیم دین |
| کوٹ ادو | صوت القرآن |
| چیچہ وطنی | تعلیم دین، صوت القرآن |
| جناح ٹاؤن | تفہیم الدین |
| ساہیوال | تعلیم دین، صوت القرآن |
| جہانیاں | تعلیم دین |
| مترو | صوت القرآن |
| میلسی | صوت القرآن |
| نشمین | صوت القرآن |
| گلبرگ | تفہیم دین |
| گارڈن ٹاؤن | تفہیم دین |
| پاک گیٹ | تفہیم دین |
| ڈی جی خان | صوت القرآن |
| 14-1 آفیسرز کالونی ملتان | تعلیم دین، صوت القرآن |
| حسن پروانہ | تعلیم دین |

### آفیسرز کالونی برانچ واہ کینٹ



| | |
|---|---|
| ٹھٹہ خلیل | تفہیم دین |
| بھلیسر | تفہیم دین |
| قادر ٹاؤن | تفہیم دین |
| گانگو، ٹیکسلا | تفہیم دین |
| ڈھوک جھاٹلہ | فہم القرآن |
| جمیلہ آباد | تفہیم دین |
| پنڈ بہادر خان | فہم القرآن |
| عثمان کھٹر | فہم القرآن |
| ببرکی | فہم القرآن |
| لالہ زار | تفہیم دین |

# سٹوڈنٹس کارنر

## امام معمر رحمہ اللہ

### نسب

95ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے نام معمر، کنیت ابوعروہ اور والد کا نام راشد تھا، ان کے والد بصرہ کے ایک شخص عبدالسلام بن عبدالقدوس کے غلام تھے۔ چونکہ امام معمر کے والد قبیلہ ازدکی حدان نامی ایک شاخ کے آزاد کردہ غلام تھے، اسی نسبت سے ابوعروہ ازدی اور حدانی مشہور ہوئے۔

### علم کا سفر

ابن راشد ابھی صرف 14 برس کے تھے جب علم کی غرض سے یمن چلے گئے اور وہیں رہائش پذیر ہوئے حتیٰ کہ یمن میں وفات پائی۔ آپ اپنے بارے میں خود فرماتے ہیں: "میں نے قتادہ سے چودہ سال کی عمر میں سماع (احادیث سننے کا شرف) حاصل کیا اور ان سے میں نے اس وقت جو کچھ سُنا وہ گویا میرے قلب پر نقش ہو گیا تھا۔" امام احمد رحمہ اللہ آپ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ معمر اپنے عہد کے علماء میں سب سے زیادہ علم حاصل کرنے والے اور اس کے حریص تھے۔ علم حدیث کی خاطر آپ کو اونٹوں گدھوں گھوڑوں حتیٰ کہ پیدل بھی سفر کرنا پڑا۔ آپ حصول علم کے اس قدر شوقین تھے کہ کوئی بھی مشکل آپ کو اس سفر سے روک نہ سکی۔

### مقام ومرتبہ:

علمی میدان میں امام معمر نے قابل قدر خدمات سرانجام دیں، یہی وجہ ہے کہ آپ اہل علم کی نظر میں ایک باعزت بلند مقام رکھتے تھے۔

عبدالملک ابن جریج رحمہ اللہ اپنے تلامذہ سے فرمایا کرتے تھے: معمر رحمہ اللہ کے فیضِ صحبت سے مستفید ہوا کرو کیونکہ ان کے زمانہ میں ان سے بڑا کوئی عالم نہیں رہا۔

### مشائخ کرام

امام معمر بن راشد رحمہ اللہ کے مشہور مشائخ کے نام یہ ہیں:

قتادہ، امام زہری، عاصم احول، ایوب سختیانی، جعدہ ابی عثمان، زید بن اسلم، صالح بن کیسان، عبداللہ بن طاؤس، جعفر بن برقان، حکم بن ابان، اشعث بن عبداللہ حدانی، اسماعیل بن امیہ، ثمامہ بن عبداللہ بن انس، بھز بن حکیم، سماک بن فضل، عبداللہ بن عثمان بن خثیم، عبداللہ بن عمر العمری، یحییٰ بن ابی کثیر، ھمام بن منبہ،، ہشام بن عروۃ، محمد بن منکدر، عمرو بن دینار، عطاء خراسانی اور عبدالکریم الجزری رحمھم اللہ ۔

### زہدوتقویٰ

امام معمر رحمہ اللہ علم میں فضل وکمال رکھنے کے ساتھ ساتھ زہد اور تقویٰ میں بھی اپنی مثال آپ تھے، آپ ایک صالح، متقی اور سچے انسان تھے، ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور دین کے احکامات کو مقدم رکھتے،

### وفات

رمضان المبارک 153ھ میں آپ رحمہ اللہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے، اس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی.

## عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ..

اور ہر ایک کو اپنے اپنے اعمال کے مطابق درجات ملیں گے... اعلیٰ درجات حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے اعمال کی اصلاح کی طرف توجہ دیں۔

### دل کے اعمال

دل خواہشات کا مرکز ہے ہمارا دل سوچنے سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور یہ بات قرآن مجید کی دلیل سے ثابت ہے.

..لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ...(سورہ الاعراف:۱۷۹)

..ان (لوگوں) کے دل ہیں مگر وہ اس سے سمجھنے بوجھنے کا کام نہیں لیتے..

دل میں ایمان ویقین توکل اللہ تعالیٰ کی خشیت، محبت، اخلاص تقویٰ ہوتا ہے اور دل ہی میں کبر، حسد، نفاق، کفر اور شرک ہوتا ہے۔

اپنے دلوں کو اس طرح خالص/purify کرنا ہے کہ وہ اللہ کے ذکر سے راحت سکون واطمینان پائیں۔ نفس کا مطمئن ہونا (نفس مطمئنہ) بہت بڑی سعادت ہے جب دل درست ہوجاتا ہے تو انسان کے باقی اعضاء کے اعمال بھی درست ہوجاتے ہیں.

### جوارح کے اعمال

ہاتھ پاؤں کان آنکھ کے اعمال اور تمام بدنی عبادات میں اصلاح کرنا۔

### زبان کے اعمال

قران کریم کی تلاوت کرنا، ذکر اذکار کرنا، نیکی کی ترغیب دینا برائی سے روکنا اور قرآن وحدیث کی تعلیم دینا یہ سب زبان کی عبادات ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "خوشخبری ہے اس کے لیے جس نے اپنی زبان پر قابو پالیا۔ اسے اس کے گھر میں کشادگی اور گنجائش دی اور وہ اپنے گناہ پر رویا"۔

زبان کی ہلاکتیں: زبان کو جھوٹ، بہتان، غیبت، مذاق اڑانا، گالی دینا، برے الفاظ کا استعمال سے روکنا ہے۔ اس کے علاوہ اللہ سبحانہ وتعالی کے بارے میں بدگمانی اور ایسی بات کہنا جو اس نے نہیں فرمائی۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں ایسی باتیں کہنے سے گریز کریں جو ان کی شان کے لائق نہ ہوں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اللہ اس بندے پر رحم فرمائے جس نے کوئی بات کی تو فائدہ مند بات کی اور اگر وہ خاموش رہا تو سلامت رہا"۔


### کرنے کے کام

فرائض کو احسن طریقے سے ادا کرنا، کثرت سے تلاوت قرآن کرنا، کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا، چھوٹوں سے پیار اور بڑوں کا ادب کرنا، مختصر اور سمجھ آنے والی سچی بات کرنا اور اللہ سے خوب دعایں کرنا۔

دعا: اللهم اهدني لأحسن الأخلاق لا يهدي لأحسنها إلا أنت، واصرف عني سيئها لا يصرفُ عني سيئها إلا أنت. امين

# سٹوڈنٹس کارنر

## تبصرہ کتاب "صدقہ وخیرات"




الھدیٰ پبلی کیشنز کی اشاعت" صدقہ وخیرات" ایک نہایت مفید کتاب ہے۔صدقہ ہر وہ خیر وبھلائی کا کام ہے جو نفس سے، مال سے، اپنے وقت سے یا اپنی کسی صلاحیت وقوت سے اپنی استعداد یا صوابدید کے بقدر کیا جائے۔ عام طور پر ’’صدقہ‘‘ اس مالی خیرات کو کہتے ہیں جو واجب صدقات مثلاً: زکوٰۃ، نذر، صدقہ فطر، فدیہ یا کوئی بھی قابلِ کفارہ ادائیگی کے بعد مال کا کچھ حصہ اللہ کی خوشنودی کے لیے خوش دلی سے ضرورت مندوں، محتاجوں اور دیگر مستحقین میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

اسلامی معاشرے کی اصلاح وبقا کے لیے جن سنہری اصولوں کو شریعت نے متعارف کرایا ہے ان میں بھی اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی ترغیب وتاکید کی گئی ہے۔قرآن و احادیث میں صدقات اور اس کی مختلف اقسام، مقاصد، فضائل اور دنیا کے علاوہ آخرت میں بھی اس کے فوائد کا ذکر ملتا ہے۔ اس کتاب میں ’ریاض الصالحین اور مشکاۃ المصابیح‘ سے صدقہ وخیرات پر مبنی احادیث کو جمع کرنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ بندہ مومن میں حکمت وفراست کی بنیاد پر صدقات کی درجہ بندی کرنے کی صلاحیت اجاگر کی جائے تا کہ وہ اس تلاش میں رہے کہ کس قسم کے صدقات کی فضیلت واجر زیادہ ہے۔ وہ یہ بھی علم وشعور اپنائے کہ کون سا صدقہ کرنا اس کے لیے کب آسان اور ممکن ہے؟ صدقہ وخیرات کرنا اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو اللہ کی مخلوق کی حاجتیں پوری کرنے، ان کو ان کا حصہ پہنچانے اور شکر گزار ہونے کا نام ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بتائے گئے طریقوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، تاکہ ہم صدقہ وخیرات کی رحمتوں اور برکتوں سے اپنی زندگیوں کو منور کر سکیں اور آخرت کے لیے اجر کما سکیں۔ آمین

## سرد موسم میں احتیاطی تدابیر

- سردی سے بچنے کے لیے مناسب گرم کپڑوں کا استعمال کرنا، ٹھنڈی ہوا اور شدید سردی میں نہ نکلنا
- نزلہ، زکام اور کھانسی میں مبتلا افراد سے مناسب فاصلہ رکھنا
- اپنے جسم کا مدافعاتی نظام مضبوط کرنا، شہد کا باقاعدگی سے استعمال کرنا
- پینے کے لیے نیم گرم پانی استعمال کرنا
- ٹھنڈا پانی، فاسٹ فوڈ، کولا مشروبات، تلی ہوئی اشیاء اور دیگر غیر صحت مند کھانوں سے پرہیز کرنا
- دن میں کئی بار ہاتھ دھونا خصوصًا کھانے سے پہلے، وضو کرتے ہوئے غرارے کرنا اور نیم گرم پانی ناک میں چڑھانا
- مسواک سے زبان اور تالو صاف کرنا
- کھانے میں لہسن، ادرک، ہلدی اور کالی مرچ کا استعمال کرنا
- باقاعدگی سے ورزش کرنا، تازہ ہوا میں لمبے سانس لینا اور روزانہ کچھ وقت کے لیے دھوپ میں بیٹھنا
- دمہ کے مریضوں کا گرد وغبار اور دھوئیں وغیرہ سے پرہیز کرنا












## الھدیٰ کی نئی مطبوعات







## الھدیٰ پبلی کیشنز (APPL) سیلز آفس کے نئے فون نمبرز

الھدیٰ پبلی کیشنز کی مطبوعات آرڈر کرنے اور دیگر معلومات کے لیے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کریں:

پاکستان: +923301689401 (پیر تا ہفتہ صبح 8:00 سے شام 4:00 بجے)

bookshop.isb@alhudapk.com

لوکل، انٹرنیشنل برانچز، ڈیپارٹمنٹس/کسٹمرز، ڈسٹری بیوٹرز:

+923301689402 (پیر تا ہفتہ صبح 8:00 سے شام 4:00 بجے)

alhudapublications.org@gmail.com

ویب سائٹس:

https://www.alhudapublications.org https://linktr.ee/AlHudaPublications

## AIS ٹاپ سٹی کیمپس

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول ٹاپ سٹی کیمپس زیر تعمیر ہے۔ آپ سب بھی اس کار خیر میں حصہ لے سکتے ہیں۔




### ایڈیٹوریل ٹیم

سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی

ایڈیٹر: طاہرہ خان گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر

پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4

فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com

کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+

ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com

www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com